# 18-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ عالمی کمپنیاں سرمایہ کاری کیلئے مقامات ڈھونڈرہے ہیں جبکہ تلنگانہ بہترین انتخاب ہےاور حیدرآباد اولین مقام ہے۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ و وزیرفینانس بھٹی وکرامارکہ ملو نے اس بات کا یقین دلایا کہ 9 دن کے اندر کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں 9 ہزار کروڑ روپے رقم جمع کرادی جائے گی۔

۳۔زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست کرشی سنکلپ ابھان کے تحت ملک بھرمیں چلائی گئی مہم کے ذریعہ 13.4 کسانوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

۴۔احمدآباد طیارہ حادثہ کے سلسلہ میں اب تک 190 لاشوں کے ڈی این اے نمونوں کی جانچ ہوچکی ہے۔

## WEATHER

تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔ریاست بھرمیں مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دن کے دوران گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنےاور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی روزانہ کی رپورٹ میں بتایاہے کہ گزشتہ 34 گھنٹوں کے دوران ریاست بھرمیں چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔

## CHARGE

وویک ونکٹ سوامی نے آج ریاستی سکریٹریٹ میں مزدور ملازمت اور جیالوجی کے وزیر کے طور پر عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ وینکٹ سوامی نے اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور پارٹی قیادت کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس اہم قلمدان کو حوالہ کرنے کیلئے ان پر بھروسہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ انہیں اس بات پر فخر ہے کہ ان کے آنجہانی والدجی وینکٹ سوامی اور بڑے بھائی کے پاس بھی محکمہ محنت کی ذمہ داری تھی اور انہیں بھی یہ ذمہ داری دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ مزدوروں کی بھلائی کے قوانین اور اسکیمات کو سختی کے ساتھ عملی جامہ پہنائیں گے اور ریاست بھرمیں مزدوروں کے حق میں طاقتور آواز بلند کریں گے۔

## GOOGLE

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج گوگل کمپنی پر زور دیا ہے کہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لئے حکومت
کے اقدامات کی حمایت کی جائے۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے کم از کم ایک کروڑ افراد کو کروڑ پتی بنانے
کے علاوہ مختلف اسکیمات شروع کئے ہیں جن میں عوامی حمل ونقل اور سولار پاور کا حصول ہے۔سی ایم نے اس موقع
پر یہ جاننا بھی چاہا کہ حیدرآباد میں جی ایس ای سی کو کس طرح قائم کیا جاسکتا ہے جیسا کہ شہر کی مقبولیت میں اضافہ
ہورہا ہے اور ریاست سرمایہ کاری کیلئے ترجیحی مقام بن رہی ہے۔ریونت ریڈی کے مطابق عالمی کمپنیاں سرمایہ
کاری کیلئے مختلف مقامات کی نشاندہی کررہی ہیں جبکہ تلنگانہ ایک اچھا انتخاب ہے جبکہ حیدرآباد پہلی ترجیح ہے۔
انہوں نے مزید کہا کہ ریاست نے سال 2047ء تک تین ٹریلین معیشت والی ریاست بننے کا نشانہ مقرر کیا
ہے۔آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ گوگل کے اس نئے مرکز سے سائبر سیکورٹی، اے آئی ڈیولپمنٹ اور
ڈیجیٹل سیفٹی جیسے اختراعی کاموں کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔اس سے پہلے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں
گوگل سیفٹی انجینئرنگ سنٹر، انڈیا (جی ایس ای سی) انڈیا کا افتتاح کیا۔ یہ بحرالکاہل ایشیاء کے خطہ میں پہلا جبکہ
عالمی سطح پر گوگل کا چوتھا مرکز ہے۔سی ایم نے اپنی تقریر کے دوران کہا کہ انہیں اس بات پر خوشی ہے کہ ایشیا پیسفک
خطہ میں گوگل نے حیدرآباد میں اپنا سنٹر قائم کیا ہے۔ ان کے مطابق گوگل کے آغاز کے بعد دنیا بدل چکی ہے، آج
ہماری زندگیاں مکمل طور پر ڈیجیٹل ہوچکی ہیں، ہم پرائیویسی اور سیکورٹی کے بارے میں فکرمند ہیں۔ڈیجیٹل دنیا
محفوظ ہو تو ہم مزید ترقی کرسکتے ہیں۔ان کے مطابق اس مرکز سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ
ملک کی سائبر سیکورٹی کی صلاحیت بھی مضبوط ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ گوگل کا اصول ''برا مت کرو'' مجھے بہت
پسند آیا ہے۔میں بھی یقین رکھتا ہوں کہ میری حکومت صرف بھلائی کرے گی۔

## BHAGIRATHA

شکایتوں کے ازالہ کے طریقہ کو بہتر بنانے کے لئے ایک اہم پیشرفت میں تلنگانہ حکومت نے مشن بھاگیرتا کے تحت
دیہی علاقوں میں پینے کے پانی کے مسائل سے متعلق شکایتیں درج کرانے کے مقصد سے چار ہندسی ایک ٹال فری
نمبر 1916 متعارف کرایا ہے۔اس سے پہلے شہریوں کو شکایتیں درج کرانے کیلئے 11 ڈیجٹ والے ٹال فری
نمبر 1800-599-4007 کو استعمال کرنا پڑتا تھا۔محکمہ نے اب مختصر نمبر شروع کیا ہے تاکہ سہولت ہوسکے۔

KTR

بھارت راشٹریہ سمیتی کے کارگزار صدر و سابق وزیر کے ٹی راما راؤ نے فون ٹیپنگ کیس کے تعلق سے بی آر ایس لیڈرس کے خلاف الزامات عائد کرنے پر پر دیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے آج مہیش کمار کو ایک قانونی نوٹس روانہ کی اور دعویٰ کیا کہ اِس کیس کا مقصد انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکامی پر عوام کی توجہ ہٹانا ہے۔ کے ٹی آر نے مطالبہ کیا کہ مہیش کمار گوڑ فوری غیر مشروط معافی مانگیں۔

SHIVARJ

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ملک بھر میں حال ہی میں چلائی گئی وکست کرشی سنکلپ ابھیان کو اجاگر کیا ہے جو زراعت میں ریسرچ، توسیع اور ملک بھر میں 1.43 لاکھ مواضعات کے 13.4 کروڑ کسانوں کی ترقی کی غیر معمولی مثال ہے۔ نئی دہلی میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے چوہان نے کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان سے متعلق وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریہ کے ساتھ زرعی شعبہ کو ترقی دینے اور کسانوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مذکورہ مہم کے دوران 60 ہزار سے زائد پروگرام منعقد کئے گئے اور قبائلی اضلاع پر خصوصی توجہ دی گئی۔ انہوں نے کسانوں کو تمام تر مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا اور اس بات پر زور دیا کہ حکومت کی بنیادی توجہ کسانوں کی آمدنی میں اضافہ اور ملک کو دنیا بھر کیلئے فوڈ باسکٹ بنانا ہے۔

SOUND BYTE SHIRAJ

شیوراج سنگھ چوہان نے مزید کہا کہ یہ مہم برقرار رہے گی کیونکہ سرکاری عہدیدار اور سائنسدان زرعی مقامات کا دورہ کرتے ہوئے کسانوں کے مسائل کو حل کریں گے۔

BRAHMOS

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے جوبلی ہلز میں واقع ان کی قیامگاہ پر برہموس ایرواسپیس کے نمائندہ وفد نے خیرسگالی ملاقات کی۔ اس موقع پر آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو بھی موجود تھے۔ سی ایم سے ملاقات کرنے والوں میں برہموس ایرواسپیس کے مینیجنگ ڈائرکٹر اور سی ای او ڈاکٹر جےتیرتھ، آر جوشی، برہموس حیدرآباد کے ایگزیکیٹیو ڈائرکٹر ایس ساما شیوا راؤ پرساد، ڈی آر ڈی ایل ڈائرکٹر سرینواس مورتی اور دوسرے شامل ہیں۔ اس موقع پر ریونت ریڈی

نے وفد سے خواہش کی کہ حیدرآباد میں اپنی سرگرمیوں کو توسیع دیں۔انہوں نے بتایا کہ حیدرآباد اور تلنگانہ میں کئی دفاعی ادارے قائم ہیں اور یہ مقامات پر سرمایہ کاری کیلئے بہترین علاقے ہیں۔انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے۔

PLANE CRASH

احمد آباد طیارہ حادثہ میں ہلاک تقریباً 190 افراد کے ڈی این اے نمونوں کی کامیابی کے ساتھ نشاندہی کی جاچکی ہے۔احمد آباد سیول ہاسپٹل کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راکیش جوشی نے بتایا کہ اب تک 157 لاشوں کو متعلقہ خاندانوں کے حوالہ کر دیا گیا ہے۔وشواس کمار کو جو اس حادثہ میں بچ جانے والے واحد شخص ہیں،کل دواخانہ سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ڈاکٹر جوشی نے مزید بتایا کہ حادثہ کے دن زخمی ہونے والے دیگر 71 مریضوں کو سیول ہاسپٹل میں علاج جاری ہے۔ان میں اب تک تین افراد فوت ہو چکے ہیں۔

NAXAL

آندھرا پردیش کے ضلع الوری سیتارام راجو کے کونڈاموڈولو جنگلاتی علاقہ میں آج ہوئے ایک انکاؤنٹر میں تین سرکردہ ماؤنواز لیڈرس ہلاک ہوگئے۔ان تینوں کی شناخت اَنا، اسپیشل زونل ماؤنواز کمیٹی ممبر اور اس کی بیوی، ماؤنواز لیڈر چلپتی راؤ، گجرالا روی عرف اودے۔ سنٹر ماؤنواز کمیٹی ممبر اور اے او بی اسپیشل زونل ماؤاز کمیٹی کی رکن انجو کی حیثیت سے کی گئی ہے۔سیکورٹی کے عملہ نے ان کاؤنٹر کے مقام سے تین AK47 رائفل ضبط کی ہیں۔

CID

تلنگانہ کرائم انوسٹی گیشن ڈپارٹمنٹ (سی آئی ڈی) نے جاب ویزا فراہم کرنے کے ایک بڑے معاملہ میں ایک اہم ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔جیسا کہ اس دھوکہ دہی کے معاملہ میں مختلف ریاستوں میں تقریباً 100 افراد متاثر ہوئے ہیں۔گرفتار شدہ شخص کا نام سروج شستونتھ تھوراٹ عرف سروج بھارت کمار ہے۔وہ سکندرآباد میں واقع ایگل اکسپرٹ امیگریشن کنسلٹنسی کا ڈائرکٹر ہے۔اسے کل تحویل میں لیا گیا اور عدالتی تحویل میں دے دیا گیا۔اس سلسلہ میں سی آئی ڈی کی جانب سے پہلے ہی پانچ افراد کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔

BHATTI

نائب وزیراعلیٰ و وزیرفینانس بھٹی وکرامارکہ ملو نے آج اس بات کا یقین دلایا کہ رعیّتو بھروسہ اسکیم کے تحت 9 دن کے اندر کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں 9 ہزار کروڑ روپے رقم جمع کرادی جائے گی۔ کھمم ضلع کے حلقہ مدھیرا میں واقع بوناکل منڈل میں ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے بھٹی نے کہا کہ حکومت کسانوں کی بلائی کیلئے پرعزم ہیں اور بروقت ان کی مالی مدد کی جائے گی۔